[ AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

# A

# BILL

*to provide for the constitution and regulation of the Pakistan Water and Power Development Authority Security Force*

**WHEREAS** it is expedient to provide for the constitution and regulation of Pakistan Water and Power Development Authority Security Force for ensuring the safety and security of installations, dams, powerhouses, machinery, equipment, offices, personnel, residences of personnel, and for the prevention of offences committed in relation thereto for matters connected therewith and ancillary thereto.

It is hereby enacted as follows:–

1. **Short title, application and commencement.**– (1) This Act shall be called the WAPDA Security Force Act, 2025.

(2) It shall apply to all staff and officers of the Force.

(3) It shall come into force at once.

2. **Definitions.–** In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context,__

(a) "**administration**" includes the exercise of administrative, operational and financial functions;

(b) "**Authority**" means the Pakistan Water and Power Development Authority established under section 3 of the Pakistan Water and Power Development Authority Act, 1958 (Act XXXI of 1958);

(c) "**Director General**" means the Director General of the Force;

(d) "**Force**" means the WAPDA Security Force constituted under section 3 of this Act;

(e) "**Notified areas**" means any area of land or water designed, equipped, set apart or commonly used or intended to be used either wholly or in part for the projects owned by or under the control, management, and

supervision of the Authority or its subsidiaries or affiliates including but not limited to dams, installations, powerhouses, offices and residences of personnel and duly notified by the Government to be subject to this Act;

(f) "**officer**" means a person who is appointed to the Force as described in the Schedule of this Act;

(g) "**staff**" means a person, other than an officer, who is appointed to the Force as described in the Schedule of this Act;

(h) "**rules**" means the rules made under this Act;

(i) "**WAPDA**" means the Authority as defined under this Act; and

(j) "**WAPDA Act**" means the Pakistan Water and Power Development Authority Act, 1958 (Act XXXI of 1958);

3. **Power to constitute, control and maintain the Force.–** (1) The Federal Government may raise a force to be called the WAPDA Security Force for performing functions and exercising powers under this Act at the notified areas.

(2) The superintendence of the Force shall vest in the Federal Government.

(3) The control of the Force shall vest in the Authority.

(4) The Force shall comprise of such officers and staff as set out in the Schedule of this Act.

(5) The officers and staff shall be recruited on such terms and conditions, receive such pay, pension, allowances and other remuneration and enjoy such leave and other privileges as may be prescribed by rules from time to time.

4. **Director General of the Force.– (1)** The administration of the Force shall vest in an officer called the Director General who shall administer it in accordance with the provisions of this Act, rules and such orders and instructions as may be made or issued by the Federal Government or the Authority.

(2) The Director General shall exercise his powers and perform his functions under the general supervision and direction of the Authority.

(3) The Director General shall be appointed in the manner prescribed by rules.

5. **Powers and responsibilities of the Director General.–** The Director General shall exercise the following powers, namely :–

(a) ensure adequate security arrangements in notified areas;

(b) ensure adequate security for WAPDA personnel and persons working on WAPDA projects in the notified areas;

(c) ensure effective coordination with other law enforcement and intelligence agencies;

(d) such other powers as may be necessary for carrying into effect the provisions of this Act; and

(e) the Director General shall be responsible for ensuring good order and discipline in the Force in the prescribed manner.

6. **Functions of the Force.–** The Force shall be responsible for,–

(a) ensuring the safety and security of the notified areas;

(b) ensuring safety of WAPDA personnel and all other persons working on WAPDA projects in the notified areas or while travelling to and from notified areas;

(c) coordinating with and assisting, if so, ordered by the Government, other law enforcement and intelligence agencies;

(d) protecting notified areas from encroachment and trespassing; and

(e) such other functions as the Government may, by notification in the staff Gazette, require the Force to perform.

7. **Powers of the officers and staff of the Force.–** The officers and staff of the Force shall,–

(a) exercise powers relating to search, arrest of persons and seizure of property for the purposes assigned to it under this Act provided that any person arrested, or any property seized under this provision shall, as soon as it is expedient, be handed over to the district police;

(b) bear, carry and use such arms, ammunition and equipment as may be authorized by the Director General with the previous sanction of the Government;

(c) secure a crime scene in accordance with the applicable provincial police rules until such time as the police arrive;

(d) perform such other functions as the Director General may require them to perform.

8. **Uniform.–** The officers and staff shall wear such uniform and insignia as may be prescribed.

9. **Employees of the Force not to engage in other employment.–** (1) No employee of the Force shall engage in any other employment while he is an employed by the Force.

(2) Nothing contained in the Industrial Relations Act, 2012 (Act X of 2012) or the Industrial and Commercial Employment (Standing Orders) Ordinance, 1968 (Ordinance VI of 1968) shall apply to or in relation to any person employed as an officer or staff of the Force.

10. **Liability of officers and staff.-(1)** Notwithstanding any rank or any seniority of any officer or staff in their previous employment, if any, it shall be the duty of every officer and staff to promptly obey and execute all orders and instructions issued to him by the Director General or any officer authorized in his behalf.

(2) Every officer and staff shall be liable to serve wherever he is required to serve by the Director General.

11. **Delegation of powers.–** The Director General may by order in writing, with prior approval of the Authority, delegate all or any of his powers under this Act or the rules for the efficient functioning of the Force subject to such conditions, if any, as may be specified in the order, to any officer subordinate to him.

12. **Indemnity.–** (1) No suit, prosecution, or other proceedings shall lie against the Government, the Authority, the Director General or any officer or staff of the Force or any other person exercising any power or performing any function under this Act, or the rules made thereunder for anything which is done in good faith or intended to be done under this Act or the rules.

(2) In particular and without prejudice to the generality of the provisions of sub-section (1), an officer or staff of the Force shall not be subject to any criminal or civil liability for actions taken in exercise of powers and functions under this Act.

13. **Power to make rules.–** The Federal Government may, by notification in the official Gazette, make rules for,–

(a) regulating the functions and powers of the officers and the staff;

(b) regulating the classes and grades of, recruitment, terms and conditions of service, remuneration and rewards to be paid to the officers and staff of the Force;

(c) generally for the purposes of for carrying into effect the provisions of this Act.

14. **Power to issue standing orders.-** The Director General may, with the approval of the Authority, issue standing orders for the good order and discipline of the officers and staff of the Force.

15. **Supplementary application of WAPDA Act.–** In the event that any matter is not specifically provided for under this Act, the relevant provisions of the WAPDA Act shall apply and have supplementary effect to the extent not inconsistent with this Act.

## SCHEDULE

*[see section 2(g) and (h)]*

1. **Officers**

   (a) Director General

   (b) Additional Director General (Security)

   (c) Director (Security)

   (d) Deputy Director (Security)

   (e) Assistant Director (Security)

   (f) Security Officer

2. **Staff**

   (a) Security Inspector

   (b) Security Sergeant

   (c) Security Guard

**Statement of Objects and Reasons**

The WAPDA Security Force is being constituted to ensure the protection and security of critical infrastructure managed by the Water and Power Development Authority (WAPDA). This infrastructure, including but not limited to dams and power plants, is essential for the country's economic stability and security. Recent terrorist attacks at WAPDA sites have underscored the urgent need for their protection by a dedicated security force, designed to operate defensively, and equipped and trained to respond to specific threats facing WAPDA's operational environment. This will also ensure the uninterrupted delivery of essential services vital to public welfare and national development.

MIR GHULAM MURTAZA
Section Officer (Admn-I)
Ministry of Water Resources
Government of Pakistan
Islamabad

Mian Muhammad Mueen Wattoo
Federal Minister

[قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے]

# پاکستان آبی وتوانائی ترقیاتی اتھارٹی (واپڈا) سکیورٹی فورس کی تشکیل اور نظم ونسق کے انصرام کا بل

ہرگاہ یہ قرین مصلحت ہے کہ پاکستان آبی وتوانائی ترقیاتی اتھارٹی سکیورٹی فورس کی تشکیل اور نظم ونسق کے ذریعے تنصیبات، ڈیموں، برقی پیداواری مراکز (پاور ہاؤسز)، مشینری، ساز وسامان، دفاتر، اہلکاروں کی رہائش گاہوں کی حفاظت اور تحفظ کو یقینی بنایا جائے، نیز اس ضمن میں ہونے والے جرائم کے سدباب اور ان امور سے متعلقہ اور ان کے ذیلی معاملات کا انصرام کیا جائے۔

لہٰذا، بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے۔

**۱۔ مختصر عنوان، اطلاق اور آغاز نفاذ:۔** (۱) اس ایکٹ کو واپڈا سکیورٹی فورس ایکٹ، ۲۰۲۶ء کے نام سے موسوم کیا جائے گا۔

(۲) یہ فورس کے جملہ عملے اور افسران پر لاگو ہوگا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

**۲۔ تعریفات:۔** اس ایکٹ میں، بجز اس کے کہ اس کے سیاق وسباق میں کوئی امر اس کے منافی نہ ہو۔

(الف) ''انتظامیہ'' میں انتظامی، عملی اور مالی اختیارات کا استعمال شامل ہے؛

(ب) ''اتھارٹی'' سے پاکستان آبی وتوانائی ترقیاتی اتھارٹی جو پاکستان آبی وتوانائی ترقیاتی اتھارٹی ایکٹ، ۱۹۵۸ء (ایکٹ نمبر ۳۱ بابت ۱۹۵۸ء) کی دفعہ ۳ کے تحت قائم کی گئی ہو، مراد ہے؛

(ج) ''ڈائریکٹر جنرل'' سے فورس کا ڈائریکٹر جنرل مراد ہے؛

(د) ''فورس'' سے اس ایکٹ کی دفعہ ۳ کے تحت قائم کردہ واپڈا کی سکیورٹی فورس مراد ہے؛

(ہ) ''مشتہر کردہ علاقے'' اتھارٹی یا اس کے ماتحت اداروں یا اس سے منسلکہ اداروں کی زیر ملکیت یا زیر نگرانی منصوبوں کے لیے زمینی یا آبی کوئی بھی ایسا علاقہ جو زیر تجویز ہو، متعین کردہ ہو، مختص کردہ ہو یا اس کا بالعموم استعمال کیا جاتا ہو یا جس کے کلی یا جزوی طور پر استعمال کیے

جانے کا ادارہ ہو، جس میں ڈیم، تنصیبات، برقی پیداواری مراکز (پاور ہاؤسز) دفاتر اور رہائش گاہیں، لیکن یہ ان تک محدود نہیں، شامل ہیں اور جنہیں حکومت کی جانب سے باضابطہ طور پر اس ایکٹ کے تابع قرار دیا ہو، مراد ہے؛

(و) ''افسر'' سے ایسا کوئی شخص جو اس ایکٹ کے جدول میں صراحت کردہ طریقہ کار کے مطابق فورس میں تعینات کیا جائے، مراد ہے؛

(ز) ''عملہ'' سے افسر کے علاوہ وہ شخص جو اس ایکٹ کے جدول میں صراحت کردہ طریقہ کار کے مطابق فورس میں تعینات کیا جائے، مراد ہے؛

(ح) ''قواعد'' سے اس ایکٹ کے تحت وضع کردہ قواعد مراد ہیں؛

(ط) ''واپڈا'' سے وہ اتھارٹی، جیسا کہ اس ایکٹ کے تحت بیان کیا گیا ہے، مراد ہے؛ اور

(ی) ''واپڈا ایکٹ'' سے پاکستانی آبی و توانائی ترقیاتی اتھارٹی ایکٹ، ۱۹۵۸ء (ایکٹ نمبر ۳۱ بابت ۱۹۵۸ء) مراد ہے؛

**۳۔ فورس کی تشکیل، نگرانی اور نظم و نسق کا اختیار:۔** (۱) وفاقی حکومت اس ایکٹ کے تحت مشتہر کردہ علاقہ جات میں کارہائے منصبی سرانجام دینے اور اختیارات استعمال کرنے کے لیے واپڈا سکیورٹی فورس کے نام سے ایک فورس بنا سکے گی۔

(۲) فورس کی نگرانی وفاقی حکومت کو تفویض ہو گی؛

(۳) فورس کا انتظامی کنٹرول اتھارٹی کو تفویض ہو گا۔

(۴) فورس ایسے افسروں اور عملے پر مشتمل ہو گی جیسا کہ اس ایکٹ کے جدول میں بیان کیا گیا ہے۔

(۵) افسروں اور عملے کی تقرری ایسی شرائط و قیود پر ہو گی، اور وہ ایسی تنخواہ، پنشن، الاؤنسز اور دیگر مراعات حاصل کریں گے اور ایسی رخصت اور دیگر سہولیات سے مستفید ہو سکیں گے، جیسا کہ وقتاً فوقتاً قواعد کے ذریعے صراحت کیا جائے۔

**۴۔ فورس کا ڈائریکٹر جنرل:۔** (۱) فورس کا انتظام ایک ایسے افسر کے پاس ہو گا جسے ڈائریکٹر جنرل کے نام سے موسوم کیا جائے گا، جو اس ایکٹ، قواعد، اور ایسے فرامین و ہدایات کے احکامات کی مطابقت میں فورس کا

انتظام چلائے گا جیسا کہ وفاقی حکومت یا اتھارٹی کی جانب سے صادر یا جاری کیے جائیں گے۔

(۲) ڈائریکٹر جنرل اتھارٹی کی عمومی نگرانی اور ہدایات کے تحت اپنے اختیارات استعمال کرے گا اور کارہائے منصبی انجام دے گا۔

(۳) ڈائریکٹر جنرل کی تقرری اس طریقہ کار کے مطابق کی جائے گی جیسا کہ قواعد میں صراحت کردی گئی ہو۔

**۵۔ ڈائریکٹر جنرل کے اختیارات وذمے داریاں:۔** ڈائریکٹر جنرل حسب ذیل اختیارات استعمال کرے گا، یعنی:۔

(الف) مشتہر کردہ علاقوں میں مناسب حفاظتی اقدامات کو یقینی بنائے گا؛

(ب) مشتہر کردہ علاقوں میں واپڈا کے عملے اور واپڈا کے منصوبوں پر کام کرنے والے اشخاص کے لیے مناسب سکیورٹی کو یقینی بنائے گا؛

(ج) دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں اور انٹیلی جنس اداروں کے ساتھ موثر اشتراک کو یقینی بنائے گا؛

(د) ایسے دیگر اختیارات استعمال کرے گا جو اس ایکٹ کے احکامات کو موثر بنانے کے لیے ضروری ہوں؛ اور

(ہ) ڈائریکٹر جنرل فورس میں صراحت کردہ طریقہ کار میں اچھے نظم وضبط کو یقینی بنانے کا ذمے دار ہوگا۔

**۶۔ فورس کے کارہائے منصبی:۔** فورس حسب ذیل کے لیے ذمے دار ہوگی۔

(الف) مشتہر کردہ علاقہ جات کی حفاظت اور سکیورٹی کو یقینی بنانے کی ذمے دار ہوگی؛

(ب) واپڈا کے عملے اور مشتہر کردہ علاقوں میں واپڈا کے منصوبوں پر کام کرنے والے تمام دیگر اشخاص، یا مشتہر کردہ علاقوں تک آمدورفت کے دوران، ان کی حفاظت کو یقینی بنانے کی ذمے دار ہوگی؛

(ج) حکومت کی جانب سے اگر ایسا ہو تو، حکم صادر کرنے کی صورت میں دیگر قانون نافذ کرنے اور انٹیلی جنس اداروں کے ساتھ اشتراک اور معاونت کرنے کی ذمے دار ہوگی؛

(د) مشتہر کردہ علاقوں کو تجاوزات اور مداخلت بے جا سے محفوظ رکھنے کی ذمے دار ہوگی؛ اور

(ہ) ایسے دیگر کارہائے منصبی انجام دے گی جیسا کہ حکومت، سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے فورس کو تعمیل کے لیے حکم دیا جائے۔

**۷۔ فورس کے افسران اور عملے کے اختیارات:۔** فورس کے افسران اور سٹاف حسب ذیل اختیارات استعمال کریں گے،۔

(الف) اس ایکٹ کے تحت فورس کو تفویض کردہ مقاصد کے حصول کے لیے، اشخاص کی گرفتاری اور ضبطی املاک کے اختیارات استعمال کریں گے، مگر شرط یہ ہے کہ اس اختیار کے تحت گرفتار کیے گئے کسی بھی شخص یا ضبط کردہ املاک کو، جتنا جلد قرین مصلحت ہو، ضلعی پولیس کے حوالے کیا جائے گا؛

(ب) ایسا اسلحہ، کارتوس اور ساز و سامان اپنے پاس رکھیں گے، لے کر جائیں گے اور استعمال کریں گے جن کی اجازت ڈائریکٹر جنرل، حکومت کی پیشگی منظوری سے دے؛

(ج) متعلقہ صوبائی حکومت پولیس قواعد کے مطابق جائے وقوعہ واردات کو اس وقت تک محفوظ بنائیں گے تاوقتیکہ پولیس موقعہ واردات پر نہ پہنچ جائے؛

(د) ایسے دیگر کارہائے منصبی انجام دیں گے جیسا کہ ڈائریکٹر جنرل ان کو ادائیگی کرنے کے لیے حکم دے۔

**۸۔ وردی:۔** افسران اور عملہ ایسی وردی زیب تن اور عہدے کا نشان لگائیں گے جیسا کہ صراحت کردی گئی ہو۔

**۹۔ فورس کے ملازمت کوئی دوسری ملازمت نہیں کریں گے:۔** (۱) فورس کا کوئی بھی ملازم، جب تک فورس کی ملازمت میں ہو کوئی بھی دیگر ملازمت نہیں کرے گا۔

(۲) صنعتی تعلقات ایکٹ، ۲۰۱۲ء (ایکٹ نمبر ۱۰ بابت ۲۰۱۲ء) یا صنعتی و تجارتی ملازمت (قائمہ احکامات) آرڈیننس، ۱۹۶۸ء (آرڈیننس نمبر ۶ مجریہ ۱۹۶۸ء) میں شامل کوئی بھی امر، فورس کے کسی بھی افسر یا عملے پر یا اس کے ضمن میں لاگو نہیں ہوگا۔

**۱۰۔ افسران اور عملے کی ذمے داری:۔** کسی بھی افسر یا عملے کا سابقہ ملازمت میں کسی بھی عہدے یا سینارٹی (متقدم) ہونے کے باوجود، اگر کوئی ہو، ہر افسر اور ملازم پابند ہوگا کہ وہ ڈائریکٹر جنرل یا اس کی جانب سے مجاز کردہ کسی بھی افسر کی طرف سے صادر کردہ تمام احکامات اور ہدایات کی فوری تعمیل کرے اور ان پر حکم بجالائے۔

(۲) ہر افسر اور عملہ اس مقام پر ملازمت انجام دینے کا پابند ہوگا جہاں کہیں ڈائریکٹر جنرل اس کو ملازمت انجام دینے کا حکم دے۔

**۱۱۔ تفویض اختیارات:۔** ڈائریکٹر جنرل تحریری حکم کے ذریعے، اتھارٹی کی پیشگی منظوری کے ساتھ، اس ایکٹ یا قواعد کے تحت اپنے تمام یا کوئی بھی اختیار، اپنے کسی بھی ماتحت افسر کو، فورس کی مؤثر فرض منصبی کے لیے ایسی شرائط کے تحت، اگر کوئی ہوں، جیسا کہ حکم میں صراحت کر دیا گیا ہو، تفویض کر سکے گا۔

**۱۲۔ برأت:۔** (۱) حکومت، اتھارٹی، ڈائریکٹر جنرل یا فورس کے کسی بھی افسر یا اہلکار یا کسی بھی دوسرے شخص جو اس ایکٹ یا اس کے تحت وضع کردہ قواعد کے تحت کوئی بھی اختیار استعمال یا کوئی بھی کارہائے منصبی انجام دے رہا ہو، کے خلاف کسی بھی امر کے لیے جو نیک نیتی سے کیا گیا ہو یا جس کے لیے جانے کا ارادہ ہو، کے خلاف کوئی مقدمہ، استغاثہ، یا قانونی کارروائی نہیں کی جائے گی۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کے احکامات کی عمومیت کو متناقص کیے بغیر، اس ایکٹ کے تحت فورس کا کوئی بھی افسر یا عملے کا رکن اختیارات اور فرائض منصبی کے استعمال کے دوران کیے گئے کسی اقدام پر کسی دیوانی یا فوجداری کارروائی کا مستوجب نہیں ہوگا۔

**۱۳۔ قواعد وضع کرنے کا اختیار:۔** وفاقی حکومت، سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے، حسب ذیل کے لیے قواعد وضع کر سکے گی،۔

(الف) افسروں اور عملے کے اختیارات اور کارہائے منصبی کو منضبط کرنے کے لیے؛

(ب) تقرری کی اقسام اور درجات، ملازمت کی شرائط وقیود، تنخواہوں اور اعزازیے جو فورس کے افسروں اور عملے کو ادائیگی کرنے کے لیے دیے جائیں گے؛

(ج) بالعموم اس ایکٹ کے احکامات کو مؤثر بنانے کی غرض کے لیے قواعد وضع کر سکے گی۔

۱۴۔ **مستقل احکامات جاری کرنے کا اختیار:۔** ڈائریکٹر جنرل، اتھارٹی کی منظوری کے ساتھ، فورس کے افسروں اور عملے کے اچھے طرز عمل اور نظم وضبط کے لیے مستقل احکامات صادر کر سکے گا۔

۱۵۔ **واپڈا ایکٹ کا ضمنی اطلاق:۔** اس ایکٹ کے تحت کسی بھی خاص معاملے کو واضح طور پر بیان نہ کرنے کی صورت میں، واپڈا ایکٹ کے متعلقہ احکامات اس حد تک ضمنی طور پر لاگو ہوں گے، جب تک کہ وہ اس ایکٹ سے متناقص نہ ہوں۔

# جدول

[دیکھئے دفعہ ۲(ز) اور (ح)]

## ۱۔ افسران

(الف) ڈائریکٹر جنرل۔

(ب) ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل (سکیورٹی)۔

(ج) ڈائریکٹر (سکیورٹی)۔

(د) ڈپٹی ڈائریکٹر (سکیورٹی)۔

(ہ) اسسٹنٹ ڈائریکٹر (سکیورٹی)۔

(و) سکیورٹی افسر۔

## ۲۔ عملہ

(الف) سکیورٹی انسپکٹر۔

(ب) سکیورٹی سارجنٹ۔

(ج) سکیورٹی گارڈ۔

# بیان اغراض ووجوہ

واپڈا فورس کو آبی وتوانائی ترقیاتی ادارے (واپڈا) کے زیر انتظام اہم تنصیبات اور بنیادی ڈھانچے کی حفاظت اور سلامتی کے امر کو یقینی بنانے کے لیے بنایا جا رہا ہے۔ اس بنیادی ڈھانچے میں ڈیمز اور بجلی کے پلانٹس، لیکن یہ ان تک محدود نہیں، شامل ہیں، جو ملک کے معاشی استحکام اور قومی سلامتی کے لیے نہایت اہمیت کے حامل ہیں۔ واپڈا کی تنصیبات پر حالیہ دہشت گرد حملوں نے اس امر کی اہمیت کو اُجاگر کیا ہے کہ ان مقامات کی حفاظت کے لیے ایک ایسی سکیورٹی فورس متعین کی جائے جو دفاعی انداز میں کارروائی کے لیے تشکیل کی گئی ہو اور جو واپڈا کے عملی ماحول کو درپیش مخصوص خطرات سے نبرد آزما ہونے کے لیے مناسب طور پر مسلح اور تربیت یافتہ ہو۔ اس عمل سے فلاح عامہ اور قومی ترقی کے لیے ناگزیر ضروری خدمات کی بلاتعطل فراہمی کے امر کو بھی یقینی بنایا جا سکے گا۔